AQF / Shabbir

02-12-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل دھوکہ دہی، سائبر جرائم اور AI ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے خطرات پر تشویش ظاہر کی ہے۔

.2 اترپردیش سرکار نے، پریاگ راج میں مہا کُنبھ علاقے کو ایک نیا ضلع قرار دیا ہے۔

.3 UPI کے تحت اس سال اکتوبر میں 16 اَرب 58 کروڑ روپے کی مالی ادائیگیاں کی گئیں، جو ایک نیا ریکارڈ ہے۔

.4 زمین کو بنجر بنائے جانے کی روک تھام سے متعلق، فریقوں کی 16ویں کانفرنس COP-16 کا، اقوام متحدہ کنونشن، آج سعودی عرب کے شہر ریاض میں شروع ہوگا۔

.5 عمان کے شہر مسقط میں جونیئر ایشیا کپ ہاکی کے پول-اے کے میچ میں بھارت نے جنوبی کوریا کو آٹھ-ایک سے شکست دی۔

.6 اور: عالمی شطرنج چمپئن شپ میں سنگاپور میں انڈین گرینڈ ماسٹر D.Gukesh اور دفاعی چمپئن، چین کے Ding Leiren کے درمیان کھیلا گیا میچ برابری پر ختم ہوا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## PM-SECURITY CONFERENCE

وزیراعظم نریندر مودی نے، ڈیجیٹل دھوکہ دہی، سائبر جرائم اور مصنوعی ذہانت AI ٹیکنالوجی، خاص طور پر ڈیپ فیک، جس سے سماجی اور خاندانی رشتوں میں دراڑ پیدا ہوسکتی ہے، اِس کی وجہ سے درپیش خطرات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائریکٹرز جنرل اور انسپکٹرز جنرل کی اُنسٹھویں آل انڈیا کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے ٹیکنالوجی کے ایسے استعمال کیلئے کہا، جس سے پولیس کے کام کاج میں بوجھ کم ہو۔

انہوں نے تجویز پیش کی کہ وسائل مختص کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے۔ جناب مودی نے کہا کہ سلامتی کو درپیش چیلنجوں کے قومی اور بین الاقوامی پہلوؤں پر وسیع پیمانے پر مذاکرات کئے گئے۔ انہوں نے کانفرنس میں بیان کی گئی، مسائل سے نمٹنے والی حکمت عملی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈیجیٹل دھوکہ دہی، سائبر جرائم اور AI ٹیکنالوجی کی وجہ سے پیدا ہونے والے امکانی خطرات سے نمٹنے کے اقدامات کے طور پر وزیراعظم نے پولیس افسران سے کہا کہ وہ اِس چیلنج کو ایک موقع میں بدل دے۔ شہر میں پولیس کی کارکردگی کے تیئں کئے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے جناب مودی نے تجویز رکھی کہ ہر ایک قدم پر ملک کے پورے 100 شہروں میں عمل درآمد کیا جائے گا۔x

## UP-MAHAKUMBH DISTRICT

اترپردیش حکومت نے اعلان کیا ہے کہ پریاگ راج میں مہاکنبھ علاقہ ایک نیا ضلع ہوگا۔ نیا تشکیل دیا گیا ضلع مہا کنبھ میلے کے نام سے جانا جائے گا۔

یہ فیصلہ آئندہ کنبھ میلے کے بندوبست اور انتظامیہ کو ہموار بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ماگھ میلہ 2024 کے دوران اِس فیصلے کے پسِ پشت منشا کا اظہار کیا تھا۔ آئندہ مہا کنبھ 12 برسوں میں ایک بار ہوتا ہے، یہ مہا کنبھ 13 جنوری کو پریاگ راج میں شروع ہوگا اور 26 فروری 2025 کو ختم ہوگا۔ توقع ہے کہ مہا کنبھ بھارتی ثقافت کو فروغ دینے میں ایک سنگِ میل ثابت ہوگا۔x

## UPI-OCTOBER

وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس UPI نے، اِس سال اکتوبر میں، کسی ایک ہی مہینے کے دوران تقریباً 16 اَرب 58 کروڑ مالی ادائیگیاں کی ہیں، جو ایک بڑی کامیابی ہے۔ اکتوبر میں UPI کے ذریعہ تقریباً 23 اعشاریہ چار نو لاکھ کروڑ روپے کی ادائیگیاں کی گئیں۔ پچھلے سال اسی مہینے کے مقابلے، سال بہ سال کی یہ شرحِ ترقی، 45 فیصد ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Priya**

*UPI کا آغاز بھارت کے، ادائیگیوں کے قومی کارپوریشن نے 2016 میں کیا تھا۔ UPI کی وجہ سے بہت سے بینک کھاتوں کو ایک واحد موبائل ایپلی کیشن میں یکجا کر کے، ملک کی ادائیگیوں کے ایکو نظام میں ایک انقلاب پیدا ہوا ہے۔ اِس نظام سے رقوم کی بلارکاوٹ ادائیگیوں، کاروباری لین دین اور لوگوں کے درمیان لین دین کی یقین دہانی ہوئی ہے، جس میں صارفین، ادائیگی کیلئے اپنے پسندیدہ وقت کے مطابق پیشگی درخواست کرسکتے ہیں۔ UPI کی وجہ سے نہ صرف مالی دین میں تیز رفتاری آئی ہے، بلکہ یہ ایک محفوظ اور آسان طریقہ بھی ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ، اِس کی وجہ سے افراد، چھوٹے*

*کاروباری اور تاجر، بااختیار بھی بنے ہیں اور جس کی وجہ سے ملک نے بغیر نقدی والی معیشت کی جانب پیش قدمی کی ہے۔ بھارت کے ادائیگیوں کے اس نظام کو، بین الاقوامی سطح پر بھی مقبولیت حاصل ہوئی ہے اور ابھی تک یہ نظام،اہم مارکیٹس سمیت 7 ملکوں، UAE، سنگاپور، بھوٹان، نیپال، سری لنکا، فرانس اور ماریشس میں اپنایا جاچکا ہے۔*

*پریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**GST**

اس سال نومبر میں پچھلے سال کے اِسی مہینے کے مقابلے اشیاء اور خدمات ٹیکس GST کی کُل وصولی میں، ساڑھے آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا، اور یہ بڑھ کر ایک اعشاریہ آٹھ دو لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔ پچھلے سال نومبر میں مجموعی GST محصول، ایک اعشاریہ چھ آٹھ لاکھ کروڑ روپے تھا۔ اِس سال نومبر میں، مرکزی GST وصولی، 34 ہزار 141 کروڑ روپے، اور ریاستی GST، 43 ہزار 47 کروڑ روپے رہی۔ مربوط IGST کی رقم، 91 ہزار 828 کروڑ روپے، جبکہ محصول کی رقم، 13 ہزار 253 کروڑ روپے رہی۔ اکتوبر میں مجموعی GST وصولی میں، 9 فیصد کا اضافہ ہوا تھا، جس کی وجہ سے یہ رقم، ایک اعشاریہ آٹھ سات لاکھ کروڑ روپے ہوگئی تھی، جو اب تک کی دوسری سب سے زیادہ رقم ہے۔ اس اضافے کا سبب گھریلو فروغ اور ضابطوں پر بہتر عمل درآمد ہے۔×

**PUNJAB-MSP**

ریلویز اور خوراک کی ڈبہ بندی کی صنعتوں کے وزیر مملکت Ravneet سنگھ بٹو نے کانگریس صدر اور کانگریس ارکان پارلیمنٹ سے کہا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ امدادی قیمت MSP کی، CBI کے ذریعہ تحقیقات کا مطالبہ کریں، جو پنجاب کے کسانوں کو حاصل نہیں ہوئی ہے۔

وزیر موصوف نے، جو چھاؤنی ریلوے اسٹیشن کی تجدید کے کام کے معائنے کیلئے کل جالندھر میں تھے، کہا کہ مرکز نے MSP کے طور پر، پنجاب کو 44 ہزار کروڑ روپے بھیج دیئے ہیں۔ انہوں نے کانگریس سے کہا ہے کہ وہ وزیراعظم، دیگر سینئر BJP رہنماؤں اور پنجاب گورنر سے مطالبہ کرے کہ وہ اس کی تحقیقات CBI سے کرائیں۔

**PRESIDENT AWARDS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کُل معذور افراد کے بین الاقوامی دن کے موقع پر، معذور افراد کو بااختیار بنائے جانے کے لیے قومی ایوارڈس عطا کریں گی۔ اِس موقع پر کُل 22 افراد اور 11 اداروں کو قومی ایوارڈس سے سرفراز کیا جائے گا۔ سماجی

انصاف اور تفویضِ اختیارات کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار اِس موقع پر معذوری کے افراد شکار کو بااختیار بنانے کے لیے بہبود کی مختلف اسکیموں کے اقدامات کا بھی آغاز کریں گے۔

اُمر جین کو سرو شریشٹھ دیویانگجن 2024 کے زمرے میں انفرادی مہارت کے صلے میں قومی ایوارڈ عطا کیا جائیگا۔ وہ قانون کے شعبے میں ایک ایسے پیشہ ور ہیں جن کی بینائی بالکل کام نہیں کرتی۔ امر جین نے اپنی تحریک دینے والی زندگی کی داستان بیان کی اور اپنے اِس سفر کے دوران درپیش مشکلات کے بارے میں بتایا۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**INDIA PLASTIC**

بھارت نے، پلاسٹک آلودگی کی روک تھام اور خاص طور پر ترقی پذیر معیشتوں کی پائیدار ترقی کے متاثر ہونے کے درمیان توازن قائم کرنے کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے۔ جنوبی کوریا کے شہر بوسان میں، بین حکومتی مذاکرات کمیٹی کے پانچویں اجلاس کے آخری مکمل جلسے میں، بھارت نے مداخلت کرتے ہوئے ایک بار پھر، پلاسٹک آلودگی کے چیلنج کی شدت ظاہر کی۔

بھارت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ ایک مشکل کام ہے، جس کیلئے باہمی اعتماد اور ایک دوسرے کے حالات کی مفاہمت درکار ہے۔ بھارت نے ابتدائی پلاسٹک پولیمرز کی پیداوار کو، ضابطے میں لانے کے اقدام کی حمایت کرنے سے واضح طور پر معذرت کا اظہار کیا ہے، کیونکہ رُکن ملکوں کے، ترقی کے حق کے ضمن میں، اِس کے کافی زیادہ مضمرات ہیں۔ بھارت نے ترقی پذیر ملکوں کو، مالی وسائل فراہم کرنے کیلئے، ایک بالکل اَلگ، خصوصی کثیر ملکی فنڈ کی ضرورت پر زور دیا ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ ان ملکوں کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے پر آنے والی لاگت کو پورا کیا جاسکے، جس میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے۔

**CYCLONE TN**

تمل ناڈو میں سمندری طوفان Fengel بحیرۂ عرب کی سمت بڑھ رہا ہے۔تمل ناڈو کے اندرونی اضلاع میں اوسط سے بھاری بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ وِلّو پورم، ترو ونّا ملائی Salem، دھرم پوری، نمکّل، کرشنا گری، ترو پتّور، اور نیلگریز میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ ترِو ونّا ملائی میں گھروں پر بڑے پتھروں کے گرنے سے بھاری تباہی ہوئی ہے۔کم سے کم تین گھر مکمل طور پر تباہ ہوگئے ہی۔ NDRFحکام نے آج صبح بچاؤ کارروائی شروع کردی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران کچھ ساحلی علاقوں میں دور دور تک بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Joy

ترو ونا ملائی، وِلّو پورم اور دیگر اضلاع میں سیلاب کی صورتحال سنگین ہے کیونکہ اندرونی اضلاع میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ ترو ونا ملائی میں بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں جہاں مٹی کے تودے کھسکنے کے سبب سات افراد کے پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ District Collector ہاؤس کیمپس سمیت مختلف علاقوں میں سیلاب کی صورتحال ہے۔ شدید بارش اور بجلی چلے جانے سے گل رات امدادی کارروائیوں میں رخنہ پڑا۔ کانچی پورم، وِلّو پورم، ترو ونّاملائی ، ویلّور، اور رانی پیٹھ میں ہزاروں ایکڑ زرعی آراضی سیلاب کی زد میں ہیں جبکہ کٹائی کا سیزن شروع ہونے والا ہے۔ تملناڈو حکومت نے مرکز سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ سمندری طوفان Fengal سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے ایک ٹیم بھیجیں۔

چینئی سے JOY کی رپورٹ ک ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

## PUDUCHARY CYCLONE

سمندری طوفان Fengal کے ایک دن بعد پڈوچیری میں معمول کے حالات بحال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جس کی وجہ سے پچھلی تین دہائیوں میں سب سے زیادہ بارش ہوئی ہے۔ حالانکہ کل شام سے بارش رک گئی ہے۔ نچلے علاقوں میں شدید طور پر پانی بھرجانے کے سبب 700 سے زیادہ افراد کیمپوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔

بجلی کی بحالی کا کام جاری ہے، لیکن ذیلی اسٹیشنوں کے زیر آب آنے، پیڑ گرنے اور کرشنا نگر جیسے علاقوں میں پانی بھر جانے کے سبب چیلنجز درپیش ہیں۔ پیڑ گرنے اور بجلی لائنیں تباہ ہونے کے سبب مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے بہت سے حصوں میں انٹرنیٹ خدمات میں رکاوٹ آگئی ہے۔ کل بھارتی فوج، آفات سے نمٹنے والی قومی فورس اور مختلف محکموں نے ایک بڑی مربوط کارروائی انجام دی، جس کے سبب پھنسے ہوئے سینکڑوں مکینوں کو باہر نکالے جانے کو یقینی بنایا جا سکا۔ لوگوں کو باہر نکالنے کے لیے میکینائزڈ کشتیوں کو کام پر لگایا گیا ہے۔x

## KERALA RED ALERT

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے کیرالہ میں سمندری طوفان اور ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ تشکیل دینے پر اگلے چار دن کے دوران شدید بارش کی پیش گوئی کی۔ آج ریاست کے چار اضلاع میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے:

ایک رپورٹ۔ V.C Mayusha

Malapuram ،کوزی کوڈ، وائناڈ اور کنور ضلعے آج ریڈ الرٹ پر ہیں۔ کیرالہ میں پانچ اضلاع میں

اورینج الرٹ جبکہ تین اضلاع میں ییلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ کوٹایام، پٹنم تھٹا، وائناڈ اضلاع میں آج سبھی تعلیمی اداروں میں چھٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔ ماہی گیروں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ کیرالہ سے کرناٹک لکشدیپ کے ساحل پر مچھلیاں پکڑنے نہ جائیں۔ شدید بارش کے تناظر میں کیرالہ کے آفات سے بندوبست سے متعلق ریاستی اتھارٹی نے مٹی کے تودے کھسکنے والے خطوں، باندھ والے خاص کے علاقوں اور دریا کے کناروں پر رہنے والے افراد کو محفوظ مقامات پر پہنچانے کی ہدایات دی ہیں۔ وزیراعلیٰ Pinarayi Vijayan نے پہاڑوں علاقوں پر رہنے والے افراد پر زور دیا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور حکام کی ہدایات پر عمل کریں۔x

تر وانت پورم سے میوشا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

## IMD RAINFALL

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ سمندری طوفان Fengel شمالی ساحلی تملناڈو میں کمزور پڑ کر گہرے دباؤ میں تبدیل ہو گیا ہے۔ اِس کے آج مغرب، شمالی مغرب کی سمت بڑھنے اور شمالی تملناڈو میں ہلکے دباؤ کے علاقے میں بتدریج کمزور پڑنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج کیرالہ، تملناڈو، اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے آج کئی مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش ہونے اور رایل سیما اور ساحلی کرناٹک میں دور دور تک شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کیرالہ، ماہے اور تلنگانہ میں بجلی، اور ہواؤں کے ساتھ گرج چمک ہونے کا امکان ہے۔ دلی NCR میں رات اور صبح کے وقت میں دھنواں اور دھند اور ہلکا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے جبکہ دن کے وقت آسمان صاف رہے گا۔x

## UNCCD-COP16

زمین کو بنجر بنائے جانے کی روک تھام سے متعلق، فریقوں کی 16ویں کانفرنس COP-16 کا، اقوام متحدہ کنونشن UNCCD، آج سعودی عرب کے شہر ریاض میں شروع ہوگا۔ ایسا پہلی بار ہے کہ مغربی ایشیا، ماحولیات سے متعلق اِس اہم کانفرنس کی میزبانی کررہا ہے۔ بھارت اِس کانفرنس میں 197 ملکوں کے نمائندگان میں شامل رہے گا۔ یہ کانفرنس ایک ایسے موقع پر منعقد کی جارہی ہے، جب UNCCD کے 30 سال مکمل ہورہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Vinod Kumar

ماحولیات کے وزیر بھوپیندر یادو اور ہریانہ کے وزیراعلیٰ نایاب سنگھ سینی کی قیادت میں، بھارت کا

وفد، کانفرنس کے پہلے دن IUCN پویلین میں، ایک الگ تقریب میں شرکت کرے گا۔ یہ وفد اَراوَلّی گرین وال پروجیکٹ کی نمائندگی کرے گا، جو شمال مغربی بھارت کی چار ریاستوں میں، گیارہ لاکھ 50 ہزار ہیکٹرس بنجر زمین کی بحالی کیلئے ایک جامع قدم ہے۔ پروجیکٹ پر آج دیئے جانے والے اس پرزنٹیشن میں، بنجر ہوتی ہوئی زمین، اس کی ابتر ہوتی ہوئی حالت اور خشک سالی سے نمٹنے کے، بھارت کے اختراعی طریقے کے بارے میں جانکاری دی جائے گی۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

یہ دو روزہ کانفرنس سعودی عرب میں اب تک کی سب سے بڑی کثیر ملکی کانفرنس ہوگی، جس سے حکومتوں، تجارتی گھرانوں اور سول سوسائٹی کو، زمین کے بندوبست کے پائیدار طریقوں پر اشتراک کا موقع ملے گا۔ کانفرنس کے پہلے دن، بھارت کے پرزنٹیشن میں، زمین کی اَبتر ہوتی ہوئی حالت کے چیلنج سے نمٹنے کے ملک کے عزم اور ماحولیات کے میدان میں عالمی قیادت میں بھارت کے بڑھتے ہوئے رول کو اُجاگر کیا جائے گا۔ کانفرنس کے دوران، جنگلات کے ماہرین، وزیروں اور ماحولیاتی تحفظ کی سرکردہ شخصیتوں کے مابین، مذاکرات کا انعقاد کیا جائے گا۔ جن میں ایکو نظام سے متعلق خدمات کو فروغ دیتے ہوئے، روزگار کے، ماحولیات کیلئے سازگار موقعے پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

## MP PRASAD VENDING MACHINE

مدھیہ پردیش میں وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اور صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کل اجین کے شری مہا کالیشور مندر میں لڈو پرساد وینڈنگ مشین کا افتتاح کیا۔ اس نئی جدید سہولت سے عقیدمندوں کو پرساد آسانی سے مل سکے گا۔ جیسے ہی QR کوڈ کے ذریعے رقم کی ادائیگی کی جائے گی ویسے ہی مشین سے سو گرام، دو سو گرام اور پانچ سو گرام کے لڈو کے پیکٹ حاصل کیے جا سکیں گے۔ خاص طور سے مندر کے لڈو پرساد اور Annakshetra کے مفت کھانے کو FSSAI کی جانب نے پانچ اسٹار ریٹنگ دی گئی ہے۔

## HOCKEY-JUNIOR ASIA CUP

جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں کل رات عمان کے شہر مسقط میں بھارت نے جنوبی کوریا کو آٹھ-ایک سے ہرادیا۔ بھارت کی طرف سے ارشدیپ سنگھ نے تین، جبکہ Araijeet سنگھ Hundal نے دو گول کئے۔ گُرجوت سنگھ، Rosan Kujur اور روہت نے ایک ایک گول کیا۔ جنوبی کوریا کی جانب سے واحد گول Taehyeon Kim نے کیا۔

اس جیت کے ساتھ بھارت سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے، جہاں کل رات ساڑھے آٹھ بجے اُس کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا۔×

**CHESS WORLD CHAMPIAN SHIP**

شطرنج کی عالمی چمپئن شپ میں بھارت کے گرینڈ ماسٹر ڈی.گوکیش اور چین کے دفاعی چمپئن Ding Liren کے درمیان ایک اور میچ برابری پر ختم ہوا، جب دونوں کھلاڑیوں نے کل سنگاپور میں چھٹے راؤنڈ کے کھیل کو تین بار کھیلنے کے بعد ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ لگاتار تیسرے ڈرا مقابلے کے بعد چین کے Liren اور بھارت کے گوکیش 14 میچ کی اس سیریز میں تین-تین پوائنٹ کے ساتھ ٹائی پر ہیں۔ دونوں کھلاڑی چمپئن شپ جیتنے کیلئے ابھی 4 اعشاریہ پانچ پوائنٹ پیچھے ہیں۔ 32 سال کے Liren نے پہلا میچ اپنے نام کیا تھا، جبکہ 18 سال کے گوکیش تیسرا میچ جیتنے میں کامیاب ہوئے تھے۔ دوسرا، چوتھا اور پانچواں مقابلہ ڈرا پر ختم ہوا تھا۔×

**MUS ANNOUNCEMENT**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''ذہنی صحت کو درپیش مسائل کو دور کرنے'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، ایمس میں Psychiatry کے پروفیسر ڈاکٹر راجیش ساگر کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔ صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر۔ اور- صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات، نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار، چار چار، پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے اِس بیان کو اہمیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ 21 ویں صدی کے بھارت کی ترقی کی قیادت نوجوان کریں گے۔ جناب برلا ، مانو رچنا یونیورسٹی کے 27 ویں سالانہ جلسہ تقسیم اسناد کی تقریب میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت کئی اخباروں نے چنئی میں Fengel طوفان

کے کمزور ہونے کے امکان کی خبر کو پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ ویلو پورم اور پڈوچیری میں 50 سینٹی میٹر تک بارش، وزیراعلیٰ ایم۔کے۔ اسٹالن نے متاثرہ اضلاع کا جائزہ لیا۔ تلنگانہ میں، سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مڈبھیڑ میں سات ماؤنواز ہلاک۔اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور دیگر کئی اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے کی ایک خبر ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے صدر جے پی نڈّا نے مدھیہ پردیش کی پارٹی تنظیم کو تمام بوتھوں کو ڈجیٹلائز کرنے کا کارنامہ انجام دینے پر مبارکباد پیش کی۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی جانب سے بارڈر سکیورٹی فورس BSF کو اُن کے 60 ویں یوم تاسیس پر مبارکباد پیش کیے جانے کی خبر کو پیش کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی خبر کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت نژاد کاش پٹیل کو FBI کا ڈائریکٹر مقرر کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں :

- بنگلہ دیش 40 سال بعد عازمین حج کو سمندری راستے سے بھیجنے کے لیے تیار۔
- روس نے امریکہ کو نیوکلیائی ہتھیاروں کی جنگ کے خدشے کی تباہ کن اثرات سے خبردار کیا۔
- ٹرمپ نے کناڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے ساتھ سرحد اور تجارت پر تبادلہ خیال کیا۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل دھوکہ دہی، سائبر جرائم اور AI ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے خطرات پر تشویش ظاہر کی ہے۔

2. اترپردیش سرکار نے، پریاگ راج میں مہا کُنبھ علاقے کو ایک نیا ضلع قرار دیا ہے۔

3. UPI کے تحت اس سال اکتوبر میں 16 اَرب 58 کروڑ روپے کی مالی ادائیگیاں کی گئیں، جو ایک نیا ریکارڈ ہے۔

4. زمین کو بنجر بنائے جانے کی روک تھام سے متعلق، فریقوں کی 16ویں کانفرنس COP-16 کا، اقوام متحدہ کنونشن، آج سعودی عرب کے شہر ریاض میں شروع ہوگا۔

5. عمان کے شہر مسقط میں جونیئر ایشیا کپ ہاکی کے پول-اے کے میچ میں بھارت نے جنوبی کوریا کو آٹھ-ایک سے شکست دی۔

6. اور: عالمی شطرنج چمپئن شپ میں سنگاپور میں انڈین گرینڈ ماسٹر D.Gukesh اور دفاعی چمپئن، چین کے Ding Leiren کے درمیان کھیلا گیا میچ برابری پر ختم ہوا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------